© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**شاہ ولی اللہ اور ان کے اصحاب**، محمود احمد برکاتی۔ ناشر: ادارہ یادگار غالب' دوسری چورنگی'
ناظم آباد نمبر۲' کراچی ۷۴۶۰۰۔ صفحات: ۲۱۴۔ قیمت: ۱۷۵ روپے۔

اس کتاب کے مصنف حکیم محمود احمد برکاتی' بقول معین الدین عقیل: 'اس کتاب کے موضوع پر ایک استناد کا درجہ رکھتے ہیں'۔ کئی سال پہلے ان کی ایک فاضلانہ تصنیف شاہ ولی اللہ اور ان کا خاندان شائع ہوئی تھی۔ کم و بیش اسی موضوع پر حکیم صاحب نے اپنے نئے پرانے مضامین یکجا کر دیے ہیں۔ پرانے مضامین ترمیم و تصحیح اور اضافے کے بعد شامل کیے گئے ہیں۔

ابتدا میں شاہ ولی اللہ کا حیات نامہ (سِنینِ حیات)' شاہ صاحب اور ان کے خاندان کے سلسلے میں چند مآخذ (کی فہرست)' شاہ صاحب کی ۵۳ تصانیف و تالیفات اور پھر ان کے تلامذہ و مسترشدین کے نام دیے گئے ہیں۔

'شاہ ولی اللہ اور ان کے خاندان کی تحریرات میں تحریفات' میں وہ بتاتے ہیں کہ شاہ صاحب کی وفات کے ۴۰ سال بعد ہی ان کی کتابوں میں ترمیم و تحریف و اضافے کا سلسلہ شروع ہو گیا تھا۔ اس طرح ان کے بیٹوں کی تصانیف بھی تحریف اور غلط انتساب کا ہدف بنیں۔ اس مضمون سے اندازہ ہوتا ہے کہ مشاہیر کی تحریروں کو الحاقات و اغلاط سے پاک رکھنا اور ان کے متن کی حفاظت کرنا کس قدر ضروری ہے۔

'تحریک ولی اللٰہی: کیا وہ کامیاب رہی؟' ایک اور اہم تحقیقی و تجزیاتی مضمون ہے۔ انھوں نے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ شاہ صاحب کی تحریک قبولِ عام حاصل نہیں کر سکی کیونکہ ان کے اخلاف و تلامذہ میں سے کوئی بھی ان کا پورا پورا ہم زبان اور ہم نوا نہیں (حتیٰ کہ شاہ عبدالعزیز بھی نہیں)۔ پھر شاہ صاحب احناف کے اصولِ فقہ کو صحیح نہیں سمجھتے تھے۔ ان کا اندازِ فکر غیر جانب دارانہ اور

© rasailojaraid.com